# خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی

## دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No. F/2/08/2020/S.I/part file/194 Dated: 24.05.2020

### حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات/ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، وزارت صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار نے بتاریخ 24.05.2020 کو (نقل منسلک) درون ملک سفر (ہوائی جہاز/ٹرین/بین الریاستی بس سے سفر) کے لیے رہنما ہدایات جاری کی ہیں؛

لہٰذا اب، ڈی ڈی ایم اے کے حکم نامہ نمبر 176 مؤرخہ 18.05.2020 اور حکم نامہ نمبر 191 مؤرخہ 23.05.2020 کے تسلسل میں اور ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئرپرسن کی حیثیت سے بذریعہ ہٰذا تمام متعلقہ اتھارٹیز کو وزارت صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار کی بتاریخ 24.05.2020 کو جاری کردہ منسلکہ رہنما ہدایات کی، لفظاً و معناً، سختی سے تعمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت دیتا ہے۔ محکمہ صحت اور خاندانی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی ان رہنما ہدایات پر عمل درآمد کے لیے، حسب ضرورت، ضروری معیاری طریق عمل (SOP) جاری کر سکتا ہے۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

نقل برائے تعمیل بخدمت:

1. چیئرپرسن، ایرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا
2. ڈائرکٹر جنرل، بیورو آف سول ایوی ایشن سکیورٹی
3. جنرل منیجر، ناردرن ریلوے
4. کمشنر آف پولیس، دہلی

5. چیئر مین، نئی دہلی میونسپل کونسل
6. پرنسپل سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
7. سیکرٹری نیز کمشنر (ٹرانسپورٹ)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
8. کمشنر (جنوبی دہلی میونسپل کارپوریشن / مشرقی دہلی میونسپل کارپوریشن / شمالی دہلی میونسپل کارپوریشن)
9. مینجنگ ڈائرکٹر، دہلی ٹرانسپورٹ کارپوریشن
10. سی ای او، دہلی کنٹونمنٹ بورڈ
11. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
12. دہلی پولیس کے تمام ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر
13. ڈائرکٹر (ڈی آئی پی)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی، برائے وسیع تشہیر

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب وزیر صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر ریلوے، بھارت سرکار کے پرائیویٹ سیکرٹری
3. عزت مآب وزیر مملکت شہری ہوا بازی (آزاد چارج)، بھارت سرکار کے پرائیویٹ سیکرٹری
4. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
5. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
6. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر ریوینیو، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
10. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
11. عزت مآب وزیر غذا اور رسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
12. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، دہلی
13. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
14. ڈی ڈی ایم اے، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکیٹو کمیٹی کے تمام اراکین
15. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو ویب سائٹ ddma.delhigovt.nic.in پر ڈالنے کے لیے۔
16. گارڈ فائل

24.05.2020

بھارت سرکار

وزارت صحت اور خاندانی بہبود

## درون ملک سفر (ہوائی جہاز رٹرین ربین الریاستی بس سے سفر) کے لیے رہنما ہدایات

1) متعلقہ ایجنسیاں مسافروں کو ٹکٹ کے ساتھ اس بارے میں ہدایات بھی فراہم کریں گی کہ کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا۔

2) تمام مسافروں کو اپنے موبائل آلات پر آروگیہ سیتو ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی صلاح دی جائے گی۔

3) ہوائی اڈوں رریلوے اسٹیشنوں ربس ٹرمنلوں پر اور راستے میں پروازوں رٹرینوں اور بس کے سفر کے دوران حفظ ماتقدم کے طور پر اپنائی جانے والی تدابیر سمیت، کووڈ-19 کے بارے میں مناسب اعلان کیا جائے گا۔

4) تمام ریاستیں رمرکزی علاقے یہ امر یقینی بنائیں گے کہ روانگی کے موقع پر تمام مسافروں کی تھرمل اسکریننگ کی جائے گی اور صرف ان مسافروں کو ہوائی جہاز رٹرین ربس میں سوار ہونے کی اجازت دی جائے جن میں علامات نہیں پائی جائیں۔

5) سوار ہونے اور سفر کے دوران، تمام مسافر چہرے پر کور یا ماسک کا استعمال کریں گے۔ وہ ہاتھوں سے متعلق، تنفس سے متعلق حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کریں گے اور ماحولیاتی حفظان صحت کو قائم رکھیں گے۔

6) ہوائی اڈوں رریلوے اسٹیشنوں ربس ٹرمنلوں پر سماجی فاصلہ رکھنے کی ضروری تدابیر کی جائیں گی۔

7) ہوائی اڈے رریلوے اسٹیشن ربس ٹرمنل باقاعدگی کے ساتھ سینی ٹائز اور جراثیم سے پاک کیے جائیں گے اور صابن اور سینی ٹائزروں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

8) باہر نکلنے کے راستوں پر تھرمل اسکریننگ کا انتظام کیا جائے۔

9) جن مسافروں میں علامات نہیں پائی جائیں گی انھیں اس ہدایت کے ساتھ جانے کی اجازت دے دی جائے گی کہ وہ 14 دن تک خود اپنی صحت کی نگہداشت کریں گے۔ کسی علامت کے ظاہر ہونے کی صورت میں وہ district surveillance officer یا ریاستی رقومی کال سنٹر (1075) پر اطلاع دیں گے۔

10) جن مسافروں میں علامات پائی جائیں گی انھیں فوراً علاحدہ کرکے قریب ترین طبی سہولت گاہ تک لے جایا جائے گا۔ طبی سہولت گاہ پر ان کی بیماری کی شدت کی تشخیص کی جائے گی۔

11) جن مسافروں میں متوسط یا شدید علامات پائی جائیں گی انھیں کووڈ کے علاج کے لیے مخصوص صحت کی سہولت گاہوں میں رکھا جائے گا اور حسب حالت ان کا انتظام کیا جائے گا۔

12) جن مسافروں میں ہلکی علامات پائی جائیں گی انھیں گھر میں علاحدگی میں رہنے کی اجازت دے دی جائے گی یا انھیں کووڈ کیئر سنٹر (سرکاری اور پرائیویٹ دونوں طرح کی سہولت گاہ) میں، جیسا بھی مناسب ہو، علاحدہ رکھا جائے گا۔ ان کا ٹسٹ https://www.mohfw.gov.in/pdf/Revisedtestingguidelines.pdf پر دستیاب ICMR پروٹوکول کے مطابق کیا جائے گا۔

اگر وہ ٹسٹ میں پازیٹو پائے جاتے ہیں تو وہ کووڈ کیئر سنٹر میں ہی رہیں گے اور ان کا انتظام طبی پروٹوکول کے مطابق کیا جائے گا۔

نیگیٹو پائے جانے پر، مسافر کو گھر جاکر اپنے آپ کو علاحدہ رکھنے اور مزید 7 دن تک خود اپنی صحت کی نگہداشت کرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ کسی قسم کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں وہ district surveillance officer یا ریاستی / قومی کال سنٹر (1075) پر اطلاع دیں گے۔

نوٹ: ریاستیں اپنے جائزے کے مطابق قرنطینہ اور علاحدگی سے متعلق خود اپنے پروٹوکول وضع کر سکتی ہیں۔